طلباء کی دھمکیوں کا جائزہ اور مداخلت: مناسب نوٹس اور طریقہ کار

طلباء کی دھمکیوں کا جائزہ اور مداخلت کا مقصد کیا ہے؟

طلباء کی دھمکیوں کا جائزہ اور مداخلت کا مقصد مندرجہ ذیل ہے:

- طلباء، سٹاف، والدین اوراسکول کی کمیونٹی کے دوسرے ممبران کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے؛
- تشدّد کی دھمکی کی صورت میں بروقت اور موئثر سدّباب کو یقینی بنانے کیلئے؛
- اُن عوامل کے متعلق آگاہی حاصل کرنے کیلئے جو کسی فرد کو دوسروں کو نقصان پہنچانے کی دھمکیوں کے طرف مائل کرتے ہیں؛
- مداخلت کے منصوبہ کی تعمیر میں مدد کیلئے؛اور
- تمام شامل افراد کی جذباتی اور جسمانی حفاظت کی ترویج کیلئے۔

دھمکی کیا ہے؟

دھمکی کسی شخص یا چیز کو نقصان پہنچانے یا تشدّد آمیز کاروائی کرنے کے ارادے کی طرف اشارہ ہے۔ دھمکی زبانی، تحریری، نقشہ یا تصویر کے ذریعہ، انٹر نیٹ پر لکھنے، اشاروں کنایوں یا حالات و واقعات میں واضح مداخلت کے ذریعہ ہوسکتی ہے۔ دھمکی کو سنجیدگی سے لینا، اُس کی تفتیش کرنا اور بر وقت اُس پر کاروائی کرنا ضروری ہے۔

جب کسی دھمکی / تشدّد کی اطلاع کی جاتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟

کِسی طالب علم کی طرف سے تمام دھمکی آمیز رویوّں کی اطلاع اسکول کے پرنسپل کو ہونی چاہیئے جو طالب علم کو دھمکی کا جائزہ اور مداخلت کے پروٹوکول (Student Threat Assessment and Intervention protocol) کو متحرک کرے گا/گی۔

جب کسی دھمکی کی اطلاع اسکول کے منتظم کو کردی جائے تو انٹرویو لئے جاتے ہیں۔ اِن انٹرویوز میں طلباء، سٹاف، خاندان کے افراد اور / یا دوسرے مناسب لوگوں کو شامل کیا جا سکتا ہے۔ یہ خطرہ کی سطح کو متعین کرنے اور واقعہ کا موئثر اوربر وقت سدّ باب کیلئے کیا جاتا ہے۔ فوری حفاظتی خطرہ کا حل نکالنے کے بعد والدین / سرپرستوں کے مشورہ اور تعاون سے مداخلت کا منصوبہ بنایا جائے گا۔

کیا والدین /طالب علم کی رضامندی کی ضرورت ہوتی ہے؟

کسی ہنگامی صورت حال سے نپٹنے کیلئے رضامندی لینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ جب یہ خطرہ ہو کہ کسی کو نقصان ہوسکتا ہے تو یہ ضروری ہے کہ جتنا جلدی ممکن ہو تمام شامل لوگوں سے موئثر طورپر نپٹا جائے۔

مناسب نوٹس

برائے مہربانی اِس پمفلٹ کو"مناسب نوٹس" سمجھتے ہوئے اسکول کمیونٹی کے تمام ممبران کو سمجھنا چاہیئے کہ کسی کو نقصان کی دھمکی (زبانی، تحریری یا حرکات و سکنات) کی تفتیش کی جائے گی۔ طالب علم کو دھمکی کا جائزہ اور مداخلت کا پروٹوکول ہماری اُس حکمت عملی کا حصہّ ہے جو ہرشخص کو ایک محفوظ، با حفاظت اورتعاون رکھنے والے اسکول کا ماحول تعمیر کرے۔

طالب علم کی دھمکی کا جائزہ اور مداخلت (Student Threat Assessment and Intervention) کی ٹیم کا کون ممبر ہے ؟

ہر اسکول میں طالب علم کو دھمکی کا جائزہ اور مداخلت (Student Threat Assessment and Intervention) کے طریق کار سےنپٹنے کا تربیت یافتہ سٹاف موجود ہوگا۔ ایک کثیر المقاصد نظم و ضبط والی طالب علم کو دھمکی کا جائزہ اور مداخلت والی ٹیم (Student Threat Assessment and Intervention team)، دھمکی کا جائزہ لے گی اور بروقت اور موئثر مداخلت کا منصوبہ بنائے گی۔ اِس ٹیم میں اسکول کا ایک منتظم (School Administrator) اسکول کا ایک سوشل ورکر (Social Worker) اور یا نفسیاتی خدمات (Psychological Services)کے عملہ کا ایک ممبر، یارک ریجنل پولیس کا آفیسر (York Regional Police officer) اور / یا اسکول کے عملہ کا ممبر جو طالب علم کو بخوبی جانتا/ جانتی ہوں شامل ہوتے ہیں۔

سوالات

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو برائے مہربانی اپنے اسکول کے منتظم سے رابطہ کریں۔

طلباء کی دھمکیوں کا جائزہ
اور مداخلت

ہمارے طلباء کو محفوظ رکھتے ہوئے!

YORK REGION DISTRICT SCHOOL BOARD

Urdu

دھمکی کا جائزہ
اور مداخلت

اسکول کمیونٹی کے ممبران کی خیروعافیت اور حفاظت ایک مشترکہ ذمہ داری ہے۔ محفوظ ماحول قائم کرنے کی طرف توجہ ، خدشات سے آگاہی اور ہنگامی حالات کیلئے عملی منصوبہ بندی ہم سب کیلئے ضروری ہیں۔ اُس میں تشدّد کی روک تھام اور اُس کا سدِباب شامل ہے۔

اسکول کا شمار ہماری کمیونٹی کی محفوظ ترین جگہوں میں ہوتا ہے۔ ہمارے طلباء کے تحفظ اور خیروعافیت میں اضافے کو جاری رکھنے کیلئے ہم نے اپنی کمیونٹی کے شرکاء کے ساتھ مل کر طلباء کو دھمکی کا جائزہ اور مداخلت کا طریق کار بنایا ہے تاکہ تشدّد کی دھمکیوں کا سدّباب کیا جائے۔

ہمارے طلباء کا دھمکی کا جائزہ اور مداخلت کا پروٹوکول* (Our *Student Threat Assessment and Intervention Protocol) اس طرح بنایا گیا ہے کہ اُس روّیہ کا سدّباب کریں جن میں آلہ حرکات، بیانات اور دوسرے اشارے شامل ہیں، جو اِس بات کی نشاندہی کریں کہ کسی طالب علم کے ذریعہ دوسروں کو نقصان پہنچانے کا "خطرہ ہو" ۔ اسکول کی کمیونٹی کو محفوظ رکھنے اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کیلئے سٹاف، والدین، طلباء اور کمیونٹی کے ممبران کیلئے ***ضروری*** ہے کہ تمام دھمکی آمیز روّیوں کی اطلاع اسکول کے منتظم یا پولیس کو جس قدر جلد ممکن ہو کریں۔

نوٹ -اسکول کمیونٹی میں بالغان کی طرف سے دھمکیوں سے نپٹنے کے دوسرے طریقے اور پروٹو کول موجود ہیں۔

YORK REGION DISTRICT SCHOOL BOARD

60 Wellington Street West
Box 40
Aurora, Ontario
L4G 3H2

فون: 905-727-3141
416--969-8131
فیکس: 905-727-1931